PS+YOU

چانسلر Melissa Aviles-Ramos کی جانب سے

NYC Public Schools

موسمیاتی تبدیلی پر عملی اقدام

عزیز اہل خانہ اور رفقائے کار،

اس ہفتے کے آغاز میں، اگر آپ کا نیو یارک ہاربر میں گورنرز آئلینڈ جانے کا اتفاق ہوا ہو، آپ کو کچھ عجیب و غریب چیز نظر آئی ہوگی: 400 طلباء اور تقریباً 100 معلمین ہمارے ساتویں سالانہ یوتھ کلائمیٹ اجلاس میں خوراک کے ضیاع سے لیکر بحری ماحولیاتی نظام اور موسمیاتی پالیسی تک مختلف عنوانات کے بارے میں سیکھنے کے لیے جمع ہوئے تھے۔

ان میں بہت سی ورکشاپس کی قیادت ہمارے طلباء خود کر رہے تھے، اور پہلی مرتبہ، مڈل اسکولرز نے اپنے ہائی اسکول ساتھیوں کے ساتھ حصہ لیا۔ ملکر، انہوں نے موسمیاتی (مسائل) کے حل اور مثبت تبدیلی لانے کے لیے اسکولوں کے انتہائی اہم کردار ادا کرنے کے بارے میں گفتگو کی۔

اس اجلاس کے علاوہ بھی، ہمارے طلباء کئی طریقوں سے ماحولیاتی پائیداری کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں، کرب سائیڈ کمپوسٹنگ میں حصہ ڈالنے، ان کے اسکولوں کی گرین ٹیموں میں شامل ہونے، ماحولیاتی عملی اقدام دنوں میں حصہ لینے کے علاوہ اور بہت کچھ کر رہے ہیں۔ ان میں چند طلباء نوجوان قیادت کی کونسل کا حصہ ہیں؛ ذیل میں ہمارے چانسلر کے مرکز توجہ (اسپاٹ لائٹ) اس گروپ کے بارے میں مزید معلومات دے رہا ہے۔ انہوں نے جو کچھ حاصل کیا ہے مجھے اس پر بہت فخر ہے۔

بطور ایک نیویارک شہر ادارے کے ہم نے جو کچھ حاصل کیا ہے مجھے اس پر بھی فخر ہے۔ ہم نے محکمۂ صفائی کی شراکت داری کے ساتھ اپنے کرب سائیڈ کمپوسٹنگ پروگرام کو شہر بھر میں پھیلا دیا ہے، جو اسے قوم میں اسکول ضلع کمپوسٹنگ کا سب سے بڑا پروگرام بناتا ہے۔ ہم نے اپنے اسکولوں میں تقریباً 120 شمسی تنصیبات بھی مکمل کی ہیں،

نتیجتاً شمسی توانائی کی گنجائش میں 26 میگاواٹ کا اضافہ ہوا ہے — جو اس شہر کی آج تک کی کُل پیشرفت کے 80% سے زائد ہے۔ دیگر 90 سے زائد شمسی پروجیکٹس پر کام جاری ہے۔

ہمارے ماحولیاتی کام کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، schools.nyc.gov/sustainability پر جائیں۔

شراکت میں،

Melissa Aviles-Ramos
چانسلر

چانسلر کا مرکز توجہ (اسپاٹ لائٹ):
ہماری نوجوان قیادتی کونسل، تقریباً 30 ہائی اسکولرز پر مشتمل ہے، جو ہمارے تمام اسکول کے نظام میں ماحولیاتی پائیداری کی کوششوں کو منظم اور ان کی قیادت کرتے ہیں، بشمول اس ہفتے کے اجلاس کی ملکر میزبانی کرنے کے۔ گروپ ہر ماہ ملاقات کرتا ہے، طلباء اور عملے دونوں کے لیے ماحولیاتی موضوعات پر ورکشاپس کی تیاری کرنے اور اپنے ساتھیوں اور ہمسر نیویارکرز کے ساتھ ملکر تبدیلی لانے کی آواز اٹھانے کے ذریعے اپنی قائدانہ صلاحیتوں کو فروغ دیتا ہے۔ یہ شہر میں سائٹس کا دورہ بھی کرتے ہیں، بشمول باغات، گرین اسپیس اور ماحولیاتی تنظیموں کے دوروں کے تاکہ موسم کے حل کے بارے میں سیکھ سکیں۔

چانسلر کے سپاٹ لائٹ کے لیے کسی فرد یا پروگرام کو یہاں نامزد کریں۔

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:



ترجمے کے لیے، برائے مہربانی ہمارے YouTube صفحے پر جائیں۔
ترجمہ شدہ سطور (سب ٹائٹلز) تک رسائی کے لیے: "CC" آئیکان پر کلک کریں۔ "ترتیب" (Setting) آئیکان پر کلک کریں اور منتخب کریں "Subtitles/CC"۔ "خود کار ترجمہ" (Auto Translate) کا انتخاب کریں اور اپنی زبان منتخب کریں۔

NYCPS خبریں اور وسائل:

- اہلِ خانہ، ہم ابھی بھی فیملی کنیکٹرز کی بھرتی کر رہے ہیں بطور ہمارے NYCPS Cares آغازِ کار کے۔ مزید جاننے اور سائن اپ کرنے کے لیے یہاں جائیں۔
- مزید خبروں اور وسائل کے لیے دی مورننگ بیل ملاحظہ کریں یا NYCPS کو آن لائن فیس بک، انسٹاگرام، X، اور یوٹیوب پر فالو کریں۔
- یہاں پر میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست تازہ ترین معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔

NYCPS خاندان: اگر آپ یہ خبرنامہ مزید وصول نہیں کرنا چاہتے تو خارج ہونے کے لیے برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔